عالمِ اسلام کے عظیم علمی مرکز جامعہ ازہر شریف
کے فاضل استاذ کا امام احمد رضا کی بارگاہ میں ہدیۂ عقیدت

بساتینُ الغفران

کے مُقدمہ کا ترجمہ

تحریر فاضلِ محقق سید حازم محمد احمد المحفوظ حفظہ اللہ تعالیٰ

رضا اکیڈمی

رجسٹرڈ لاہور

عالمِ اسلام کے عظیم علمی مرکز جامعہ ازہر شریف
کے فاضل استاذ کا امام احمد رضا کی بارگاہ میں ہدیۂ عقیدت

بساتین الغفران

کے

مُقدمہ کا ترجمہ

تحریر

فاضلِ محقق سید حازم محمد احمد المحفوظ حفظہ اللہ تعالیٰ

اسسٹنٹ پروفیسر کلیۃ اللغات والترجمہ جامعہ ازہر شریف مصر

ترجمہ: محمد حمزہ شرف قادری

رضا اکیڈمی لاہور

سلسلہ کتب (۱۳۴)

نام کتاب ------ بساتین الغفران کا مقدمہ (اردو)

تحریر ------ شیخ سید حازم محمد احمد المحفوظ
جامعہ ازہر شریف مصر

ترجمہ ------ محمد حمزہ شرف قادری

تاریخ اشاعت ------ ماہ محرم ۱۴۱۹ھ / ۱۹۹۸ء

مطبع ------ سجاد آرٹ پریس، لاہور

ناشر ------ رضا اکیڈمی، لاہور (پاکستان)

ہدیہ ------ دعائے خیر بحق معاونین رضا اکیڈمی، لاہور

عطیات بھیجنے کے لئے رضا اکیڈمی

اکاؤنٹ نمبر ۳۸/۹۳۸، حبیب بنک، وسن پورہ برانچ ○ لاہور

بذریعہ ڈاک طلب کرنے والے حضرات ۱۰ روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں۔

ملنے کا پتہ

رضا اکیڈمی رجسٹرڈ مسجد رضا۔ محبوب روڈ۔ چاہ میراں لاہور (پاکستان)

کوڈ نمبر ۵۴۹۰۰۔ فون نمبر ۷۶۵۰۴۴۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بساتین الغفران
کے مرتب اور محقق کا تعارف

فاضل محقق سید حازم بن محمد بن احمد بن عبدالرحیم کا تعلق مصر کے جنوب میں آباد خانوادہ سادات محفوظ سے ہے جن کا سلسلہ نسب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نواسے سیدنا امام حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما تک پہنچتا ہے۔

شیخ سید حازم ۲۷ اگست ۱۹۶۴ء کو مصر کے جنوبی حصے میں واقع منیا کے مضافاتی شہر بنی مزار میں پیدا ہوئے، ابتدائی تعلیم والد ماجد، کلیتہ اللغتہ العربیتہ، جامعہ ازہر شریف کے فاضل اور اس وقت اسیوط (علامہ جلال الدین سیوطی کے شہر) کے مضافات میں واقع شہر صدفا کے ہیڈ ماسٹر سے حاصل کی۔

۱۹۶۹ء میں پانچ سال کی عمر میں شہر بنی مزار میں واقع مقامی پرائمری سکول میں داخل ہوئے جہاں اس وقت ان کے والد ماجد ہیڈ ماسٹر تھے، پرائمری کی سند حاصل کر کے بنی مزار کے مڈل سکول میں ۱۹۷۵ء میں داخل ہوئے اور تین سال پڑھنے کے بعد ۱۹۷۸ء میں مڈل کی سند حاصل کی۔

اس کے بعد والد گرامی نے ہدایت کی کہ ازہر شریف کی کسی شاخ میں داخلہ لے کر دینی تعلیم حاصل کرو، چنانچہ والد ماجد کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے بنی مزار کے میٹرک کی سطح کے دینی مدرسہ میں داخلہ لے کر چار سال تعلیم حاصل کی اور اسی دوران قرآن پاک یاد کیا اور ۱۹۸۲ء میں ازہر شریف کی میٹرک کی سند حاصل کی اور اس سال فسٹ پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء میں سے تھے۔

اس کے بعد اردو زبان و ادب کی تعلیم کے لئے قاہرہ جا کر جامعہ ازہر شریف کے شعبہ اردو میں داخلہ لیا اور چار سال تعلیم حاصل کرنے کے بعد پہلی پوزیشن حاصل کی اور ۱۹۸۹ء میں اردو زبان و ادب میں بی۔ اے کی اعلیٰ درجے میں سند حاصل کی۔

۷ مارچ ۱۹۸۸ء کو جامعہ ازہر شریف کے شعبہ اردو زبان و ادب میں لیکچرار مقرر ہوئے، اسی سال جامعہ عین شمس، قاہرہ میں شعبہ فارسی زبان و ادب میں داخلہ لیا، ۱۹۸۹ء میں ایم۔اے کی ابتدائی سند حاصل کر کے اکتوبر ۱۹۸۹ء میں ایم۔اے میں داخلہ لے لیا، موضوع کا عنوان تھا

خواجہ میر درد دہلوی کے اشعار کے فنی پہلو

فروری ۱۹۹۳ء میں کلیہ عین شمس کے شعبہ لغات امم اسلامیہ سے ایم۔اے کی سند "درجہ ممتاز"

نمبر حاصل کی' اسی سال اپریل کے مہینے میں جامعہ ازہر شریف کے شعبہ اردو میں اسسٹنٹ پروفیسر کی پوسٹ پر فائز ہوئے۔

اکتوبر ۱۹۹۳ء میں ڈاکٹریٹ کے لئے مقالہ منظور ہوا جس کا عنوان ہے:

"محمد حسین آزاد دہلوی اور اردو شعری تنقید میں ان کا انداز"

اس وقت تک اسی مقالہ کی تیاری اور تکمیل میں مصروف ہیں۔

جلیل القدر اساتذہ

درج ذیل سطور میں فاضل محقق کے اساتذہ کرام کے اسماء اور ان کے عہدوں کا تذکرہ کیا جاتا ہے' انہوں نے یہ فہرست چند دن قبل مجھے ارسال کی:

۱۔ عالی جناب پروفیسر شیخ محمد احمد عبدالرحیم المحفوظ' فاضل محقق کے والد ماجد' ازہر شریف کے فضلاء میں سے ہیں' اسیوط اور سوہاج کے محفوظ سادات کے قبیلہ کے سربراہ ہیں۔

۲۔ عالی جناب ڈاکٹر امجد حسین سید احمد' پاکستانی
ازہر شریف' عین شمس' قاہرہ اور اسکندریہ کی یونیورسٹیوں میں اردو زبان و ادب کے پروفیسر ہیں۔

۳۔ حضرت پروفیسر ڈاکٹر بدیع محمد جمعہ
کلیۃ عین شمس یونیورسٹی کے فارسی زبان و ادب کے پروفیسر

۴۔ جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد سعید جمال الدین
کلیۃ عین شمس یونیورسٹی کے شعبہ لغات امم اسلامیہ کے چیئرمین

۵۔ حضرت پروفیسر ڈاکٹر محمد نورالدین عبدالمنعم:
کلیۃ اللغات والترجمہ' جامعہ ازھر شریف' قاھرہ کے پرنسپل

۶۔ عالی جناب پروفیسر ڈاکٹر حسین مجیب مصری:
عرب میں مشرقی زبانوں کے شعبہ کے ڈین
کلیۃ الاداب عین شمس یونیورسٹی کے پروفیسر اور قاہرہ میں مجلس معجم کبیر بالمجمع اللغوی کے رکن

۷۔ پروفیسر ڈاکٹر ملکہ علی محمد ترکی
کلیۃ الاداب عین شمس یونیورسٹی میں فارسی زبان و ادب کی پروفیسر

۸۔ عالی جناب پروفیسر ڈاکٹر عبدالنعیم حسنین رحمہ اللہ تعالیٰ کلیۃ اللغات والترجمہ کے سابق سربراہ

۹۔ فضیلۃ الامام حضرت شیخ پروفیسر ڈاکٹر احمد عمر ہاشم

۱۰۔ جناب پروفیسر ڈاکٹر عباس عبدالحی سید
کلیۃ اللغات والترجمہ' جامعہ ازہر شریف' قاہرہ کے شعبہ اردو زبان و ادب کے چیئرمین۔

۱۱۔ جناب پروفیسر ڈاکٹر تحسین فراقی
اورینٹل کالج' پنجاب یونیورسٹی' لاہور کے پروفیسر اردو زبان وادب

۱۲۔ فضیلۃ الامام حضرت شیخ مفتی محمد عبدالقیوم قادری ہزاروی' علوم اسلامیہ کے استاذ اور ناظم اعلیٰ جامعہ نظامیہ رضویہ' لاہور' شیخوپورہ

۱۳۔ فضیلۃ الامام حضرت شیخ محمد عبدالحکیم شرف قادری:
شیخ الحدیث الشریف' جامعہ نظامیہ رضویہ' لاہور

۱۴۔ فضیلۃ الامام حضرت شیخ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد
سابق سیکرٹری وزارت تعلیم' سندھ' پاکستان

تالیفات

۱۔ مظاہر الاحتفال بالمولد النبوی الشریف فی لاہور و القاھرۃ
لاہور اور قاہرہ میں محافل میلاد شریف کے انداز

۲۔ القواعد و المحادثات الاساسیۃ لدراسۃ اللغۃ العربیۃ
عربی زبان کی تعلیم کے بنیادی قواعد اور گفتگو کے طریقے

۳۔ الظواھر الفنیۃ فی شعر خواجہ میر درد
خواجہ درد کے اشعار کے فنی پہلو

۴۔ الترجمۃ العربیۃ لدیوان خواجہ میر درد الاردی
خواجہ میر درد کے اردو دیوان کا عربی ترجمہ

۵۔ مختصر تاریخ باکستان والھند (من القرن الاول الی نھایۃ القرن الثانی عشر الھجری)
پاک و ہند کی مختصر تاریخ (پہلی صدی سے بارہویں صدی ہجری تک)

۶۔ بساتین الغفران: عربی دیوان حضرت امام اکبر مجدد محمد احمد رضا خان رضی اللہ تعالیٰ عنہ وارضاہ' ان کے اردو دیوان "حدائق بخشش" کے نام کی رعایت کرتے ہوئے عربی دیوان کا یہ نام تجویز کیا ہے۔

فاضل محقق سید حازم محمد احمد کے متعدد علمی مقالات بلند پایہ مجلّات میں چھپ چکے ہیں' چند مقالات کے عنوانات یہ ہیں:

۱۔ قیام دولۃ المغول الاسلامیۃ فی شبہ القارۃ الھندیۃ
برصغیر ہندوستان میں مغلوں کی اسلامی حکومت کا قیام

۲۔ تلامیذ خواجہ میردرد الدھلوی
خواجہ میردرد دہلوی کے تلامذہ

۳۔ التعریف بالدیوان الاردی، خواجہ میردرد الدھلوی
خواجہ میردرد دہلوی کے اردو دیوان کا تعارف

۴۔ مدرسۃ دھلی الشعریۃ الاولی
دہلی کا شعروسخن کا پہلا مدرسہ

۵۔ مدرسۃ لکھنؤ الشعریہ
لکھنؤ کا شعروسخن کا مدرسہ

۶۔ الازھر جامع وجامعہ

۷۔ اللغۃ الاردیۃ فی الجامعات المصریہ
مصر کی یونیورسٹیوں میں اردو زبان

۸۔ المظاھر الحضاریۃ لدولۃ المغول الاسلامیۃ فی شبہ القارۃ الھندیۃ
برصغیرہندوستان میں مغلوں کی اسلامی حکومت میں تہذیب و تمدن

۹۔ تلوث البیئۃ فی مدینۃ لاہور (اسباب و حلول)
شہرلاہور کی آلودگی (اسباب اور ان کا علاج)

زیر ترتیب کتب

۱۔ مظاھر الاحتفال بذکری مولد العلامۃ محمد اقبال فی لاہور والقاھرۃ
لاہور اور قاہرہ میں علامہ محمد اقبال کی یاد میں کانفرنسیں

۲۔ تاریخ باکستان من القرن الثالث عشرالھجری الی العھدالحاضر
تاریخ پاکستان: تیرہویں صدی ہجری سے موجودہ دور تک

۳۔ حکیم الامۃ و شاعرالشرق علامہ محمد اقبال
حکیم الامت اور شاعر مشرق علامہ محمد اقبال

۴۔ الامام الاکبر المجدد محمد احمد رضا خاں (حیاتہ و خدماتہ)
امام اکبر مجدد محمد احمد رضا خان (حیات اور خدمات)

۵۔ انتخاب حدائق بخشش کا عربی ترجمہ، بتعاون ڈاکٹر محمد مبارز ملک پروفیسر شعبہ عربی پنجاب یونیورسٹی

بساتین الغفران

دیوان عربی امام اکبر مجدد محمد احمد رضا خان رحمہ اللہ تعالیٰ

ڈاکٹر محمد مبارز ملک، پروفیسر شعبۂ عربی پنجاب یونیورسٹی، لاہور ۱۹۸۹ء میں وزٹنگ پروفیسر کے طور پر علوم اسلامیہ کے مرکز، جامعہ ازہر شریف، قاہرہ گئے تو راقم نے انہیں علماء محققین کو تحفہ کے طور پر پیش کرنے کے لئے امام اکبر مجدد محمد احمد رضا خان رحمہ اللہ تعالیٰ کی کچھ عربی تصانیف دیں، ڈاکٹر صاحب فاضل محقق سید حازم محمد احمد المحفوظ کے پاس بطور مہمان مقیم رہے، اور انہیں کچھ کتابیں بطور ہدیہ پیش کیں، یہیں سے شیخ سید حازم محمد احمد کا امام اکبر مجدد محمد احمد رضا خان رحمہ اللہ تعالیٰ سے تعارف کا آغاز ہوا اور ان کے کچھ عربی اشعار دیکھے۔

پھر اللہ تعالیٰ کی مشیت سے فاضل محقق سید حازم محمد احمد ۱۹۹۵ء میں بحیثیت وزٹنگ پروفیسر شعبہ عربی 'پنجاب یونیورسٹی پاکستان تشریف لائے تو انہیں معلوم ہوا کہ ابھی تک امام اکبر مجدد محمد احمد رضا خان کا عربی دیوان کسی نے جمع نہیں کیا، تو اس دیوان کی ترتیب و تدوین پر کمربستہ ہو گئے، ان کی کوشش اور کاوش کا نتیجہ حضرات قارئین کرام کے سامنے ہے۔ راقم نے اس کی تصحیح اور تحقیق (اور طباعت) پر (تقریباً دو سال کا) طویل عرصہ صرف کیا، اس کے باوجود طباعت کی اغلاط سے محفوظ ہونے کی ضمانت نہیں دی جاسکتی، اللہ تعالیٰ نے چاہا تو آئندہ ایڈیشن میں (بشرط اطلاع) ان اغلاط کی اصلاح کردی جائے گی۔

جناب پروفیسر محقق سید حازم محمد احمد (اللہ تعالیٰ انہیں سربلندی عطا فرمائے اور اپنی حفاظت میں رکھے) نے اس دیوان کی ترتیب و تحقیق اور ضبط میں چھ ماہ صرف کئے، تقریباً ایک ماہ جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور کی لائبریری میں دن رات مزید اشعار کی تلاش کے لئے مطالعہ کرتے رہے، اللہ تعالیٰ کا کرم ہے کہ یہ کام پایہ تکمیل کو پہنچا۔ ابھی انہیں امام اکبر مجدد کے بہت سے عربی اشعار نہیں مل سکے، کیونکہ وہ کتابیں ہی دستیاب نہیں ہیں جن میں یہ اشعار مندرج ہیں، امید ہے کہ اللہ تعالیٰ آئندہ کوئی سبیل پیدا فرمادے گا۔ اللہ تعالیٰ فاضل محقق کو ہماری طرف سے اور تمام اہل سنت و جماعت کی طرف سے اعلیٰ جزا عطا فرمائے۔

اس عربی دیوان کا مطالعہ کرنے سے قارئین کرام پر یہ حقیقت منکشف ہو جائے گی کہ امام احمد رضا

رحمہ اللہ تعالیٰ کو عربی زبان پر گہرا عبور حاصل ہے' ان کا قلم تیز رفتار اور ان کی فکر عالی ہے' وہ دین متین اور مسلک اہلسنّت و جماعت کی مکمل غیرت رکھتے ہیں اور ان کے دل پر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت کا کامل غلبہ ہے۔

راقم جناب محقق' فاضل نوجوان سید حازم محمد احمد ازہری کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہے کہ انہوں نے اس دیوان کے جمع کرنے اور تحقیق کی زحمت اٹھائی' ڈاکٹر محمد مبارز ملک' پروفیسر شعبہ عربی' پنجاب یونیورسٹی' حضرت مولانا مفتی محمد عبدالقیوم قادری ناظم اعلی جامعہ نظامیہ رضویہ' لاہور' شیخوپورہ' فاضل محقق مولانا محمد نذیر سعیدی کے تعاون پر ان حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہے' نیز پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد سرپرست ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی' جناب سید وجاہت رسول قادری صدر ادارہ تحقیقات امامؒ احمد رضا کراچی' فاضل نوجوان ممتاز احمد سدیدی (قاہرہ' مصر) جناب محمد الیاس قادری بانی رضا اکیڈمی' سٹاک پورٹ' برطانیہ' جناب حاجی محمد مقبول احمد قادری' بانی رضا اکیڈمی' لاہور اور حضرت مولانا محمد منشا تابش قصوری کا اس دیوان عربی کی طباعت و اشاعت میں تعاون پر شکریہ ادا کرتا ہے۔

۲۴ رمضان المبارک ۱۴۱۶ھ
۱۴ فروری ۱۹۹۶ء

محمد عبدالحکیم شرف قادری
شیخ الحدیث الشریف جامعہ نظامیہ رضویہ' لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضرت امام اکبر مجدد' امام اہسنت و جماعت' محمد احمد رضاخان سے میرے تعارف کا آغاز کلیتہ اللغات والترجمہ' جامعہ ازہر شریف کے شعبہ اردو میں ۱۹۸۹ء میں اس وقت ہوا جب پروفیسر ڈاکٹر محمد مبارز ملک جامعہ ازہر شریف کے شعبہ اردو زبان و ادب میں بحیثیت مہمان وزٹنگ پروفیسر آئے' انہوں نے چند کتابیں مجھے اور چند کتابیں کلیتہ اللغات والترجمہ کی لائبریری کو بطور تحفہ پیش کیں' یہ کتابیں امام اکبر مجدد حضرت محمد احمد رضا خان کی حیات اور تصنیفات سے متعلق تھیں (اور استاذ محمد عبدالحکیم شرف قادری نے ارسال کی تھیں) میں نے سب سے پہلے جوان کے عربی اشعار پڑھے وہ ان کے مشہور قصیدہ "حمائد فضل رسول" (۱۳۰۰ھ) کے چند اشعار تھے' اس قصیدہ کے ابتدائی اشعار تھے:

الحمد للمتوحد ۔ بجلاله المتفرد
وصلاة مولانا علیٰ ۔ خیرالانام محمد
والآل امطار الندٰی ۔ والصحب سحب عوائد

جب میں نے ان کے عربی دیوان کے بارے میں دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ وہ تو ابھی مرتب ہی نہیں ہوا' یہ بھی بتایا گیا حضرت کے اشعار ابھی تک ان کی عربی' اردو' اور فارسی تصانیف میں بکھرے ہوئے ہیں۔

قضاء و قدر کے فیصلے کے مطابق جنوری ۱۹۹۵ء میں مجھے جمہوریہ اسلامیہ پاکستان کے دل' شہر لاہور میں پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ عربی زبان و ادب میں مہمان وزٹنگ پروفیسر کی حیثیت سے آنے کا اتفاق ہوا' اور مجھے معلوم ہوا کہ ابھی تک امام اکبر مجدد کا عربی دیوان مرتب کرنے کی کسی نے بھی کوشش نہیں کی' تو میں نے یہ کام کرنے کا عزم صمیم کر لیا' وجہ یہ تھی کہ پاکستان میں وسائل فراوانی کے ساتھ میسر تھے' اس جگہ امام اکبر مجدد کی اکثر وہ تصانیف موجود تھیں جو ان کے شعری کلام پر مشتمل تھیں' نیز میں نے شہر لاہور میں علماء اہلسنّت و جماعت کی اس کام میں گہری دلچسپی محسوس کی' اور انہوں نے اس عظیم کام کے سر انجام دینے کے لئے میری حوصلہ افزائی بھی کی۔

چنانچہ میں نے امام اکبر مجدد کی دستیاب تصانیف میں سے ان کا کلام جمع کرنا شروع کر دیا' ان کی حیات پر لکھی جانے والی کتابوں مثلاً امام اکبر مجدد کے شاگرد اور خلیفہ ملک العلماء مولانا ظفرالدین رضوی کی حیات اعلیٰ حضرت اور امام اکبر مجدد کی سوانح حیات لکھنے والے علماء کی مستند تصانیف کا مطالعہ کیا' بعض

اشعار مجھے ان کے اکابر معاصرین کی بعض تصانیف' مثلاً فضیلۃ الامام شیخ ابوالحسین احمد نوری کی تصنیف لطیف "سراج العوارف فی الوصایاو المعارف" میں ملے' بعض مجلّات مثلاً ماہنامہ الرضا' بریلی نے ان کے بعض اشعار شائع کرنے کا اہتمام کیا'اسی طرح دور اخر میں بعض کتابیں ان کی حیات پر لکھی گئیں' مثلاً فضیلۃ الشیخ العلامہ محمد مسعود احمد کی کثیر تصانیف' نیز بعض علمی مقالات جو ان کے عربی اشعار کے حوالے سے لکھے گئے' ان کے علاوہ بعض دیگر کتب کا بھی مطالعہ کیا جن کا حوالہ میں نے پیش نظر دیوان کے حواشی میں دیا ہے۔

اس جگہ اس امر کا تذکرہ ضروری ہے کہ میں بعض اشعار کے بارے میں فیصلہ نہیں کر سکا کہ وہ امام اکبر مجدد کے ہیں یا کسی دوسرے شاعر کے' یہ اشعار ان کی اور دیگر علماء کی تصانیف میں پائے جاتے ہیں ' ازراہ احتیاط میں نے ان اشعار کو اس دیوان کے متن میں درج نہیں کیا۔

بطور مثال وہ اشعار یہ ہیں:

نام کتاب	صفحہ نمبر	اشعار کی تعداد
فتاوی رضویہ ج ۴	۳۵۱	۱
فتاوی وضویہ ج ۱۲	۳۸	۱
الاجازات المتینہ	۲۰	۱
ملفوظات مجدد مائتہ حاضرہ	۱۶۶	۱
رسائل رضویہ' ج ۲	۱۳۶	۱
الطاریٔ الداری	۷۸	۱
اکرام امام احمد رضا	۷۱	۱

یہ اشتباہ اس لئے واقع ہوا کہ امام اکبر مجدد یہ اشعار اپنی تصانیف میں تو لائے ہیں ٬لیکن یہ بیان نہیں کیا کہ یہ ان کے ہیں یا کسی دوسرے شاعر کے۔

علمی دیانت کا یہ بھی تقاضا ہے کہ میں اس جگہ یہ بھی بیان کردوں کہ تمام تر کوشش صرف کرنے کے باوجود مجھے عوامی اور ذاتی لائبریوں میں بعض اشعار نہیں مل سکے' میں نے متعدد علماء اور فضلاء سے مراسلت کر کے دریافت بھی کیا کہ یہ اشعار کہاں مل سکتے ہیں؟ لیکن کہیں سے بھی یہ مشکل حل نہ ہو سکی' مثلاً علامہ محمود احمد قادری نے امام احمد رضا بریلوی

کے گیارہ عربی اشعار کے صفحہ ۳ اور ۴ پر تحریر کیا ہے:

اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ نے قادیانی متنبی کے قصیدہ کے جواب میں عظیم الشان کئی سو اشعار پر مشتمل قصیدہ منظوم فرمایا تھا۔

میں نے یہ قصیدہ بہت تلاش کیا لیکن کہیں نہ مل سکا' اگر اللہ تعالیٰ کے اذن سے مستقبل قریب میں مجھے یہ قصیدہ اور دیگر اشعار مل گئے تو میں اس دیوان کے دوسرے ایڈیشن میں شامل کر دوں گا۔

امام اکبر مجدد کے ایسے اشعار جو اس دیوان میں شامل نہ ہو سکے ہوں کسی فاضل کے پاس موجود ہوں تو میری ان سے درخواست ہے کہ وہ مجھے ارسال کر دیں تاکہ آیندہ ایڈیشن میں شامل کر دئے جائیں۔

سچ کہتا ہوں کہ جب میں نے اس کام کا پختہ ارادہ کیا تھا تو میں نے خیال کیا تھا کہ یہ آسان کام ہے' لیکن حقیقت اس کے بالکل برعکس ثابت ہوئی' مجھے بہت سی مشکلات پیش آئیں' لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل' رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نظر عنایت اور خاص طور پر شہر لاہور کے علماء اہلسنت و جماعت کے تعاون سے یہ کام اس صورت میں پایۂ تکمیل کو پہنچا جو اس وقت ہمارے سامنے ہے۔ میں خصوصی طور پر اپنے جلیل استاذ' معالی فضیلتہ الامام الشیخ محمد عبدالحکیم شرف قادری استاذ الحدیث النبوی الشریف' جامعہ نظامیہ رضویہ' لاہور کا ذکر کرنا چاہتا ہوں۔

اس دیوان "بساتین الغفران" کے اشعار کی ترتیب اور تحقیق میں میرا طریق کار یہ رہا کہ میں نے صرف مطبوعہ اور غیر مطبوعہ مراجع و مصادر سے ملنے والے اشعار کے جمع کرنے پر اکتفا نہیں کیا' بلکہ جب مجھے یہی اشعار کسی دوسری کتاب میں ملتے تھے تو میں ان اشعار کا موازنہ اپنے پاس جمع اشعار سے کرتا تھا' اور جب مجھے بعض اشعار کے بعض کلمات میں اختلاف دکھائی دیتا تھا مثلاً کہیں کسی لفظ کی تبدیلی ہوتی یا تقدیم و تاخیر کے لحاظ سے فرق ہوتا تو میں باریک بینی کے پیش نظر حاشیہ میں اس کی نشاندہی کر دیتا' نیز میں نے اس دیوان کے متن میں جو قصیدہ' مرثیہ' قطعہ' رباعی یا فرد درج کیا ہے حاشیہ میں اسکا تعارف دے دیا' اسی طرح میں نے تمام قصائد' مراثی' قطعات' افراد اور تواریخ وغیرہ کے عنوانات بھی تحریر کر دیۓ ہیں تاکہ ان کا مطلب سمجھنے میں آسانی رہے اگر ان اشعار کے نظم کئے جانے کا سن معلوم ہو سکا تو اس کا بھی تذکرہ کر دیا۔

میں نے اس دیوان بساتین الغفران کو درج ذیل طریقے پر تقسیم کیا ہے۔

۱۔ قصائد

۲۔ مراثی اور قطعات

۳۔ رباعیات

۴۔ افراد

۵۔ اردو یا فارسی کلام کے ضمن میں عربی اشعار

۶۔ وہ عربی اشعار جن میں کچھ الفاظ عجمی ہیں

۷۔ تواریخ

پھر میں نے اس متن کے آخر میں ایک ضمیمہ لگایا:

اثر اللغة العربية فی دیوان حدائق بخشش

حدائق بخشش میں عربی زبان کا اثر

اس میں درج ذیل قسم کے اشعار ہیں

۱۔ ایسے اشعار جن میں پہلا مصرع عربی ہے

۲۔ ایسے اشعار جن میں دوسرا مصرع عربی ہے

۳۔ ایسے اشعار جو قرآن کریم یا احادیث نبویہ شریفہ سے اقتباسات پر مشتمل ہیں۔

۴۔ وہ اشعار جو عربی زبان کی عبارات پر مشتمل ہیں۔

آخر میں:

○ مخطوطات اور نوادر کے عکس ہیں

○ مصادر و مراجع

○ فہرست

اس جگہ ضروری ہے کہ میں اپنے استاذ جلیل فضیلۃ الامام الشیخ العلامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری جو پاکستان کے اکابر علماء اہل سنت و جماعت میں سے ہیں کی خدمت میں ہدیۂ تشکرو تعظیم پیش کروں جنہوں نے میری بے حدو حساب امداد کی' انہوں نے مجھے قلمی کتب اور دیگر ماخذ فراہم کئے جن کا اس دیوان میں بڑا عمل دخل ہے' اگر ان کا تعاون نہ ہوتا تو یہ دیوان موجودہ صورت میں تیار نہ ہوتا۔ انہوں نے جد وجہد میں کوئی کمی نہ کی اور نہ ہی وقت دینے میں بخل سے کام لیا۔ ان کا مخلصانہ تعاون ان کے عظیم خلق' سچے اور قوی ایمان اور امام اہلسنّت و جماعت حضرت امام اکبر مجدد محمد احمد رضا خان رحمہ اللہ تعالیٰ کی انتہائی محبت وعقیدت کی دلیل ہے۔ ان کا یہ جذبۂ صادقہ اہلسنّت و جماعت کے عقائد اور امام اکبر مجدد محمد احمد رضا خان رحمتہ اللہ علیہ کے دفاع میں ان کی عربی' اردو اور فارسی میں لکھی گئی تصانیف سے ظاہر ہے' غالباً ان کی

مشہور ترین قیمتی اور بار بار مطالعہ کے لائق تصنیف "من عقائد اهل السنه" ہے اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے آمین

اسی طرح میں اپنے جلیل القدر بھائی اور استاذ ڈاکٹر محمد مبارز ملک' پروفیسر شعبہ عربی' اورینٹل کالج پنجاب یونیورسٹی' لاہور کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنہوں نے لاہور میں قیام کی تمام مدت میں مجھے اپنا مہمان بنایا اور ہر طرح کا تعاون کیا' اللہ تعالیٰ انہیں میری طرف سے بہترین جزا عطا فرمائے۔ آمین۔ فضیلۃ الامام الشیخ العلامۃ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی' ناظم اعلیٰ جامعہ نظامیہ رضویہ' لاہور کا شکریہ ادا کرنا بھی ضروری ہے جنہوں نے مجھے پاکستان میں اہلسنّت و جماعت کے عظیم جامعہ' جامعہ نظامیہ رضویہ' لاہور کے درس نظامی کی آخری کلاسوں کو عربی زبان پڑھانے کی دعوت دی اور جتنا عرصہ میں پڑھاتا رہا انہوں نے ہر طرح کے تعاون سے نوازا' پاکستان کے اکابر علماء اہلسنّت و جماعت میں سے حضرت فضیلۃ الامام الشیخ علامہ محمد مسعود احمد کا شکریہ ادا کئے بغیر نہیں رہ سکتا' میں نے انہیں اس دیوان کے اشعار کے بارے میں جتنے بھی سوالات ارسال کئے آپ نے ان سب کا جواب دیا' امام اکبر مجدد کے کچھ اشعار مجھے لاہور کے عوامی یا ذاتی کتب خانوں میں نہ مل سکے' میری درخواست پر آپ نے متعدد اشعار ارسال فرمائے۔ اللہ تعالیٰ ہماری طرف سے انہیں جزائے خیر عطا فرمائے

میری آرزو تھی کہ ان سے ملاقات کرتا' لیکن کراچی میں امن وامان کی صورت حال مخدوش ہونے کی بنا پر یہ آرزو پوری نہ ہو سکی' اللہ تعالیٰ کراچی (بلکہ پورے پاکستان) کو اس مصیبت سے نجات عطا فرمائے۔

اسی طرح جناب پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد اظہر چیئرمین شعبہ عربی' پنجاب یونیورسٹی لاہور کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں' جنہوں نے مجھے شعبہ عربی' پنجاب یونیورسٹی میں بحیثیت وزٹنگ پروفیسر کام کرنے کی دعوت دی اور جب تک میں نے اس شعبہ میں قیام کیا ہر طرح میرے ساتھ تعاون کیا۔ (ڈاکٹر ظہور احمد اظہر نومبر ۱۹۹۷ء میں ریٹائر ہو گئے ہیں مترجم)

شہر لاہور میں اہلسنّت وجماعت کے نمایاں عالم' برادر عزیز فاضل نوجوان ممتاز احمد سدیدی ازہری کا شکریہ ادا کرنا بھی ضروری ہے' جنہوں نے بہت سی معلومات کے ذریعے میری امداد کی' جامعہ نظامیہ رضویہ میں میرے قیام کے دوران جدوجہد کا کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا اور جو کچھ ان کے بس میں تھا اس سے دریغ نہیں کیا۔

اس نوجوان علامہ نے اپنے والد حضرت امام علامہ شیخ محمد عبدالحکیم شرف قادری استاذ الحدیث جامعہ

نظامیہ رضویہ ' لاہور سے ممتاز اور عالی قدر تعلیم کے حاصل کرنے پر اکتفا نہیں کیا' اسی طرح پاکستان کی مشہور یونیورسٹی' انٹرنیشنل اسلامی یونیورسٹی ' اسلام آباد سے ادب عربی میں ایم۔اے کرنے اور پاکستان میں اہلسنّت وجماعت کے عظیم جامعہ' جامعہ نظامیہ رضویہ ' لاہور میں عربی زبان وادب کی تدریس پر اکتفاء نہیں کیا' بلکہ مزید علم حاصل کرنے کا بوجھ اپنے ذمہ لیا' جیسے طلب علم کے لئے سفر کرنا علماء کا وطیرہ رہا ہے۔ انہوں نے جمہوریہ مصر العربیہ میں اسلام اور علوم اسلامیہ کے مرکز' صرف مصر میں نہیں بلکہ پورے عالم اسلام میں اہلسنّت و جماعت کے قدیم ترین' عظیم ترین اور اعلیٰ ترین جامعہ ازہر شریف کی طرف سفر کیا' اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ اس فاضل کو توفیق' راہ راست پر استقامت عطا فرمائے اور جامعہ ازہر شریف کی اعلیٰ سندیں حاصل کرکے واپس لاہور آنے کی سعادت مرحمت فرمائے۔

فضیلۃ الامام علامہ شیخ عبدالدائم دائم مہتمم دارالعلوم ربانیہ صدریہ ' (ہری پور) مدیر ماہنامہ جام عرفان (اب وہ ادارت کے فرائض سے سبکدوش ہو چکے ہیں ۱۲ مترجم) اور طریقہ نقشبندیہ مجددیہ کے مشہور شیخ کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہیں میں نے ماہ رمضان ۱۴۱۶ھ مطابق جنوری ۱۹۹۶ء میں ایک مکتوب کے ذریعے اس دیوان بساتین الغفران کے سن ترتیب کی تاریخ لکھنے کی درخواست کی جوانہوں نے قبول کرلی۔ اور نہ صرف اس دیوان کے جمع کرنے اور تحقیق سے متعلق تاریخ پر مشتمل انیس اشعار کا ایک قصیدہ لکھ کر ارسال کیا بلکہ اس دیوان کا تاریخی نام بھی تجویز کیا۔ (اِشعار الفہام باَشعار الامام' ۱۴۱۶ھ)

اس جگہ میں جامعہ نظامیہ رضویہ ' لاہور اور شعبہ عربی پنجاب یونیورسٹی ' لاہور کے اساتذہ اور طلبہ خصوصًا اپنے مخلص شاگردوں شیخ عابد الدائم اور شیخ محمد عارف نورانی کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے جامعہ نظامیہ رضویہ میں میرے قیام کے دوران مخلصانہ تعاون کیا۔

میں ان تمام حضرات کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جن کے تعاون سے یہ کام اس صورت میں پایہ تکمیل کو پہنچا جو اس وقت ہمارے سامنے ہے' خصوصًا حضرت شیخ محمد مقبول احمد قادری (ناظم اعلیٰ رضا اکیڈمی' لاہور) کا جنہوں نے اس دیوان کی طباعت اور اشاعت میں بھرپور کوشش کی۔

میرے لئے یہ بہت بڑا شرف ہے کہ میں خصوصی طور پر پاک و ہند کے اھل سنت وجماعت اور عمومی طور پر تمام عالم اسلام کے اھل سنت وجماعت اور عالم اسلام کی زبان عربی زبان کے محسن کی خدمت میں **"هدية مختارة من حازم"** (۱۴۱۶ھ) (حازم کی طرف سے منتخب ہدیہ) یعنی فضیلۃ الامام الاکبر محمد احمد رضا خاں کا عربی دیوان "بساتین الغفران" پیش کر رہا ہوں جس کا تاریخی نام ہے "اِشعار الفہام باَشعار الامام" (۱۴۱۶ھ)

جب میں اس دیوان کی ترتیب اور تحقیق سے فارغ ہوا تو میں نے مناسب جانا کہ امام اکبر مجدد نے اپنے اردو دیوان کے لئے جو نام تجویز کیا تھا یعنی "حدائق بخشش" اس کی مناسبت ملحوظ رکھوں' اس لئے میں نے اس دیوان کا نام "بساتین الغفران" رکھا ہے (یہ صرف نام کا عربی ترجمہ ہے' ورنہ حدائق بخشش اردو دیوان ہے اور یہ اس سے الگ عربی دیوان ہے ۱۲ محمد حمزہ قادری)

دوسری طرف یہ امر میرے لئے باعث فضیلت ہے کہ میں نے سب سے پہلے اس اہم کام کے بارے میں سوچا اور عملی قدم اٹھایا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل اور توفیق' رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نگاہ عنایت اور والدین کی دعا کی برکت (اللہ تعالیٰ ان کا سایہ شفقت دراز فرمائے) سے یہ کار عظیم پایہ تکمیل کو پہنچا' مجھ سے پہلے کسی نے یہ کام نہیں کیا۔ اب اگر میں نے یہ کام بحسن و خوبی انجام دیا ہے تو یہی میرا مقصد ہے' اور اگر ایسا نہیں ہے تو میرے لئے یہی کافی ہے کہ میں نے اپنی ہمت کے مطابق کوشش کر ڈالی ہے۔

پس اول و آخر میں اللہ تعالیٰ کے لئے حمد ہے اور صلوۃ و سلام ہمارے آقا محمد مصطفےٰ پر جو تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجے گئے اور آپ کی طیب و طاہر آل اور صحابہ کرام پر' اللہ تعالیٰ ان سب سے راضی ہو۔ ہمارا آخری دعویٰ یہ ہے کہ سب تعریفیں تمام جہانوں کے رب کریم کے لئے ہیں۔

فروری ۱۹۹۶

حازم محمد احمد عبدالرحیم المحفوظ
اسسٹنٹ پروفیسر کلیۃ اللغات والترجمہ
جامعہ الازہر الشریف' قاہرہ' مصر
وزٹنگ پروفیسر پنجاب یونیورسٹی
وجامعہ نظامیہ رضویہ' لاہور

حضرت امام اکبر مجدد
محمد احمد رضا خان رحمہ اللہ تعالیٰ

تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لئے اور صلوۃ وسلام ہمارے آقا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم، آپ کی آل اطہار اور صحابہ کرام پر

پاکستان، ہندوستان اور بنگلہ دیش میں کسی شخص پر یہ حقیقت مخفی نہیں ہے کہ امام اکبر مجدد محمد احمد رضا خان رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ بچپن سے زیادہ علوم و فنون میں نہایت بلند مرتبہ رکھتے تھے، مثلا علوم قرآن کریم، حدیث نبوی شریف، اصول حدیث، فقہ، اصول فقہ، قرآءت و تجوید، تصوف، تفسیر، اصول تفسیر، عقائدوکلام، صرف، نحو، منطق، فلسفہ، مناظرہ، کیمیاء، اقتصادیات، طبیعیات، سیاسیات، طب، جغرافیہ، حساب، ہندسہ، ہیات، جفر، اسماء الرجال، سیر، تاریخ، اور ادب کے تمام فنون، ان علوم اور ان کے علاوہ دیگر علوم میں ان کی تصانیف کی تعداد ایک ہزار سے زیادہ ہے جن میں سے کچھ متعدد ضخیم جلدوں پر مشتمل ہیں اور کچھ چھوٹے رسائل بھی ہیں۔

بڑے بڑے علماء، ادباء، محققین، مفکرین، تذکرہ نگاروں اور غیر جانب دار قلم کاروں نے امام اکبر مجدد رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کے بارے میں ان کی زندگی میں اور ان کے انتقال کے بعد بھی لکھا ہے اور سب اس بات پر متفق ہیں کہ وہ عظیم مقام کے حامل تھے، اور علمی اعتبار سے ان کے معاصرین سے لے کر آج تک کوئی عالم ان کے پائے کا نہیں ہوا، امام اکبر مجدد رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی حیات، تصانیف اور ان کی دینی، سیاسی، علمی اور ادبی مساعی جمیلہ کے بارے میں دنیا بھر کے ممالک خصوصا پاکستان اور ہندوستان میں متعدد مقالات اور علمی کتابیں لکھی گئی ہیں۔ان علمی کتب اور مقالات کی تعداد اتنی زیادہ ہے کہ ان کا احاطہ نہیں کیا جا سکتا۔

البتہ ہم اس جگہ رضویات کے بعض ماہرین کا ذکر کر سکتے ہیں جن سے ہمیں شرف تلمذ حاصل ہوا ہے، اس سلسلے میں عالی جناب فضیلۃ الامام پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد مدظلہ کا نام مشہور و معروف ہے جنہیں پاکستان ہی نہیں بلکہ ہندوستان میں بھی "ماہر رضویات" کہا جاتا ہے، ان کی علمی تصانیف سو سے زائد ہیں، وہ اس وقت "ادارہ تحقیقات امام احمد رضا" کراچی کے سربراہ ہیں، اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ انہیں ہمارے لئے طویل عمر عطا فرمائے۔

اسی طرح عالی جناب فضیلۃ الامام شیخ محمد عبدالحکیم شرف قادری کا نام بھی معروف ہے، جنہوں نے

امام اکبر مجدد کے بارے میں تصنیف و تالیف کے علاوہ امام اکبر مجدد کی دسیوں عربی، اردو اور فارسی زبانوں میں غیر مطبوعہ تصانیف کی تحقیق اور طباعت و اشاعت کا اہتمام کیا ہے، اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کرتا ہوں کہ انہیں عمر دراز عطا فرمائے۔

امام اکبر، شیخ الاسلام، علامہ شیخ محمد احمد رضا خان قادری حنفی بریلوی ہندی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ پاکستان، افغانستان، بنگلہ دیش اور ہندوستان میں اہل سنت و جماعت کے امام ہیں، ان ممالک میں کوئی عالم ان کے وسیع علمی مقام، تقوی وورع، تبحر علمی اور سیدی رسول اعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سچی محبت اور مذہب اہل سنت و جماعت کے دفاع کو نہیں پہنچا۔ ان ممالک میں ان کے ہم عصر اور اس دور کے مشائخ اسلام نے ان کے ان فتاوی اور اجتہادات کو تسلیم کیا ہے جن کی بنا قرآن کریم، حدیث نبوی شریف، اجماع علماء امت اور قیاس پر ہے۔

ہم اس امام اکبر مجدد کی مدح و ثنا میں جو کچھ بھی تحریر کریں ان کا حق ادا کرنے سے قلمیں عاجز رہ جائیں گی، انہوں نے اپنی پوری زندگی ایسے ماحول میں اسلام اور مسلمانوں کی خدمت اور دفاع کے لئے وقف کر رکھی تھی جس میں اہل سنت و جماعت کے مخالف فرقے بکثرت تھے۔

امام اکبر فضیلۃ الشیخ محمد احمد رضا خان کا سلسلہ نسب قندھار، افغانستان میں بسنے والے قبیلہ بھڑیچ سے تعلق رکھتا ہے، وہ نسبًا افغانی، مسلکًا حنفی، طریقتہً قادری، جائے پیدائش کے اعتبار سے بریلوی، وطن کے اعتبار سے ہندی اور فطرت کے لحاظ سے عربی ہیں۔

ان کے آباء واجداد ہندوستان آکر یہیں مقیم ہوگئے، ان کے والد ماجد فضیلۃ الامام الاکبر علامہ شیخ نقی علی خاں (م۱۲۹۷ھ/۱۸۸۰ء) اور جد امجد فضیلۃ الامام علامہ شیخ رضا علی خاں (م۱۲۸۲ھ/۱۸۶۶ء) مشہور علماء اور معروف مصنفین میں سے تھے۔

امام اکبر مجدد، جمہوریہ ہندوستان کے صوبہ اترپردیش کے ایک شہر بریلی میں ۱۰ شوال، ۱۴ جون (۱۲۷۲ھ/۱۸۵۶ء) کو پیدا ہوئے، امام اکبر مجدد نے تعلیم و تربیت اپنے والد گرامی فضیلۃ الامام العلامہ شیخ نقی علی خان اور مولانا غلام قادر وغیرہ ہندوستان کے مشہور علماء سے حاصل کی، درس نظامی پڑھا اور وہ تمام علوم حاصل کئے جو اس دور اور اس معاشرے میں پڑھے پڑھائے جاتے تھے، چودہ سال کی عمر کو پہنچنے سے پہلے اس دور کے مروج علوم کی تحصیل سے فارغ ہو گئے اور اس کے بعد مختلف علوم و فنون کی تحقیق اور مطالعہ میں مصروف ہوگئے، اور اسی پر اکتفاء نہیں کیا بلکہ اس دور کے جلیل القدر شیخ طریقت حضرت امام علامہ شیخ سید آل رسول مارہروی احمدی قدس سرہ العزیز کے دست اقدس پر سلسلہ عالیہ قادریہ میں بیعت ہوئے،

مرشد گرامی نے انہیں مکمل اجازت و خلافت سے نوازا' نہ صرف سلسلہ قادریہ میں بلکہ سلاسل عالیہ چشتیہ' سہروردیہ اور نقشبندیہ میں بھی خلافت عطا فرمائی۔

اس کے بعد امام اکبر مجدد نے تدریس' افتاء' تصنیف اور وعظ و ارشاد کا سلسلہ شروع کیا' تاہم اکثر اوقات تصنیف و تالیف میں صرف کئے' ان کا قلم برق رفتار تھا' انہوں نے عربی' اردو اور فارسی میں پچپن علوم و فنون میں تصانیف کا ذخیرہ یادگار چھوڑا' جن میں سے اکثر چھپ چکی ہیں۔

تعجب کی بات یہ ہے کہ انہوں نے دس سال کی عمر میں تصنیف و تحقیق' شرح نویسی اور عربی زبان میں شعرگوئی کا آغاز کیا' عمر کے دسویں سال میں نحو کی مشہور درسی کتاب ہدایۃ النحو کی شرح لکھی اور تیرہویں سال میں ایک رسالہ ضوء النہایۃ فی اعلام الحمد والہدایۃ لکھا۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد اور پروفیسر ڈاکٹر ریاض مجید کے بیان کے مطابق امام اکبر مجدد اردو کے عظیم شاعر تھے' اردو اور فارسی شاعری میں ان کا مشہور تخلص رضا ہے' عربی شاعری میں بھی ان کا یہی تخلص ہے' ان کا اردو نعتیہ دیوان حدائق بخشش کے نام سے تین حصوں میں چھپ چکا ہے' پہلے دو حصے یکجا ان کی زندگی میں چھپ گئے تھے' تیسرا حصہ ان کی رحلت کے بعد (ترتیب دیا گیا) اور شائع ہوا' پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد نے ان کا فارسی کلام مختصر دیوان (ارمغان رضا) میں جمع کرکے شائع کر دیا ہے' امام اکبر مجدد نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعت میں جو مشہور ترین اور سب سے طویل قصیدہ لکھا ہے وہ قصیدہ سلامیہ ہے۔ اور اسے اردو کا "قصیدہ بردہ" کہا جاتا ہے' اس کا مطلع ہے:

مصطفےٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام

شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام

میں نے پاکستان میں قیام کے دوران لاہور میں اہل سنت وجماعت کی مسجدوں میں مشاہدہ کیا ہے کہ نمازی نماز جمعہ کے بعد کھڑے ہو کر لاوڈ سپیکر پر اس قصیدہ مبارکہ کے بعض اشعار پڑھتے ہیں' ہر شخص سرکار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت میں ڈوبا ہوا ہوتا ہے اور رحمۃ للعالمین حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کی تعظیم و تکریم اور احترام میں ان کی آنکھوں سے آنسوؤں کی نہریں بہ رہی ہوتی ہیں' یہ سلام کیسٹوں میں بھی ریکارڈ کیا گیا ہے اور قرآن کریم کی کیسٹوں کی دوکانوں پر خصوصا حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ لاہور کے بازار میں یہ کیسٹیں دستیاب ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعت شریف کے سلسلے میں امام اکبر مجدد کا انداز بڑا نورانی ہے' خود ان کا بیان ہے کہ ع

"قرآن سے میں نے نعت گوئی سیکھی۔"

انہیں اس حقیقت کا گہرا شعور اور احساس تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سچے محب شاعر کے لئے تمام اصناف سخن کی نسبت نعت کہنا زیادہ مشکل ہے' اس لئے نعت گو شعراء کو صحیح راستے کی نشاندہی کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

حقیقۃً نعت شریف لکھنا نہایت مشکل ہے' جس کو لوگ آسان سمجھتے ہیں' اس میں تلوار کی دھار پر چلنا ہے' اگر بڑھتا ہے تو الوہیت میں پہنچ جاتا ہے اور کمی کرتا ہے تو تنقیص ہوتی ہے۔ (الملفوظ حصہ دوم ص ۱۴۳)

امام اکبر مجدد کا مطمح نظر بلکہ ان کی زندگی کا بڑا مقصد رسول اکرم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مقام رفیع کی بے ادبی کرنے والوں کا رد تھا' چنانچہ انہوں نے متعدد کتب اور رسائل لکھے' اردو' عربی اور فارسی میں سینکڑوں اشعار نظم کئے' ان کا کلام اور ان کی تصانیف بلاشک و شبہہ اس بات کی دلیل ہیں کہ انہیں رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم' اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے شدید محبت و عقیدت تھی' یہاں تک کہ وہ محب الرسول المصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے لقب سے مشہور ہوئے جبکہ وہ خود اپنے آپ کو "عبدالمصطفےٰ" کے لقب سے ملقب کرتے تھے' یہ سرکار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ان کی شدید محبت اور آپ کی پیروی کا نتیجہ تھا' ان کا ایک شعر ہے:

خوف نہ رکھ رضا ذرا توتو ہے عبد مصطفےٰ

تیرے لئے امان ہے' تیرے لئے امان ہے

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بلند و بالا مقام و مرتبہ بیان کرنے کیلئے امام اکبر مجدد نے کثیر التعداد کتابیں لکھی ہیں ہم ان میں سے چند ایک کا بطور مثال ذکر کرتے ہیں۔

۱۔ سلطنۃ المصطفےٰ فی ملکوت کل الوریٰ
۲۔ ھدی الحران فی نفی الفیئ عن سید الاکوان
۳۔ الامن والعلی لناعتی المصطفےٰ بدافع البلا
۴۔ مبین الھدیٰ فی نفی امکان المصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ وسلم)
۵۔ تمہید ایمان بآیات قرآن

اس جگہ امام اکبر مجدد کے ترجمہ قرآن کریم کا ذکر ضروری ہے' جس کا نام ہے "کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن" حقیقت یہ ہے کہ ان کا یہ کارنامہ زندہ جاوید ہے' پاک و ہند کے تمام علماء اہل سنت و جماعت نے امام اکبر

مجدد کی ان مساعی جمیلہ کو خراج عقیدت پیش کیا ہے جن کے نتیجے میں امتیازی حیثیت کا یہ ترجمہ معرض ظہور میں آیا۔ یہ ترجمہ ان کے علم کی وسعت، سچے ایمان، عربی اور اردو دونوں زبانوں میں دسترس، قرآن کریم کی عربی اور اردو تفاسیر پر گہری نظر اور سابقہ اردو تراجم پر آگاہی کی دلیل ہے۔

اس جگہ بطور مثال قرآن کریم کی ایک آیت ووجدک ضالاً فھدیٰ (سورۃ الضحیٰ آیت ۷) کا ترجمہ پیش کرتا ہوں، یہ ترجمہ نبی اعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مقام اور رسالت محمدیہ (علی صاحبھا الصلوۃ والسلام) کے لائق اور عشق مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فروغ دینے والا ہے۔ ملاحظہ ہو:

"اور تمہیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو اپنی راہ دی"

سبحان اللہ!

آج کل اھل سنت و جماعت کا کوئی گھر بالخصوص پاکستان میں ایسا نہیں ہوگا۔ جس میں اس ترجمہ کے ایک دو نسخے نہ ہوں، "کنزالایمان فی ترجمۃ القرآن" کا ترجمہ متعدد زبانوں مثلاً انگریزی، سندھی اور بنگالی وغیرہ (ڈچ اور پشتو) میں ہو چکا ہے۔ آج یہ اردو زبان میں قرآن کریم کا سب سے عظیم ترجمہ شمار کیا جاتا ہے، ہم اس امام اکبر مجدد کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔

اسی طرح ان کے زندہ جاوید کارناموں میں سے ایک کارنامہ اہل بدعت اور ان کی بدعات کا رد ہے، انہوں نے بدعتوں کا مقابلہ کیا اور ان پر اپنی تالیفات اور رسائل میں رد کیا، اسی طرح انہوں نے اسلام سے خارج ہونے والے معاصرین مثلاً مرزا غلام قادیانی اور اس کے متبعین قادیانیوں پر بھی رد کیا، انہوں نے قرآن کریم، احادیث مبارکہ اور علمائے امت کے اجماع کے حوالے سے قادیانیوں کا دائرہ اسلام سے خارج ہونا ثابت کیا۔

اس سلسلے میں انہوں نے پانچ رسائل لکھے:

۱۔ الجراز الدیانی علی المرتد القادیانی (یہ ان کی آخری تصنیف ہے)
۲۔ جزاء اللہ عدوہ باباۂ ختم النبوۃ
۳۔ السوء والعقاب علی المسیح الکذاب
۴۔ قھر الدیان علی مرتد بقادیان
۵۔ المبین ختم النبیین

امام اکبر مجدد کی بڑی مصروفیت یہ تھی کہ وہ مذہب حنفی کے مطابق فتوی لکھتے تھے، وہ مذہب حنفی جو پاک وہند میں اہل سنت و جماعت کا واحد مذہب ہے، اس میدان میں ان کی سب سے مشہور اور سب سے ضخیم کتاب مجموعہ فتاوی ہے۔ جس کا نام "العطایا النبویۃ فی الفتاوی الرضویۃ" ہے جو بارہ جلدوں اور ہزاروں صفحات پر مشتمل

ابوالحسن علی ندوی نے اپنی کتاب نزھتہ الخواطر وبھجۃ المسامع والنواظر (ج ۸ ص ۴۸) میں ... کارنامے کا اعتراف کرتے ہوئے لکھا ہے:

فقہ حنفی اور اس کی جزئیات پر آگاہی میں ان (امام اکبر مجدد) کا ہمسر شاید ہی کوئی دوسرا عالم ہو، ہمارے اس دعوے پر ان کے فتاوی کا مجموعہ (یعنی فتاوی رضویہ) اور ان کی تصنیف "کفل الفقیہ الفاھم فی احکام قرطاس الدراہم" شاہد ہے، جو انہوں نے ۱۳۲۳ھ میں مکہ مکرمہ میں تالیف کی۔

(نزھتہ الخواطر ج ۸ ص ۴۱)

اس جگہ اس امر کا تذکرہ ضروری ہے کہ اس عظیم فتاوی کی نئی طباعت کا اہتمام کیا جا رہا ہے جس میں عربی عبارات اور فتاوی کا اردو ترجمہ اوز احادیث نبویہ شریفہ کی تخریج کا اہتمام کیا گیا ہے۔ یہ عظیم کام ہمارے استاذ، فضیلۃ الامام حضرت شیخ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی ناظم اعلیٰ جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور، شیخوپورہ اور ناظم اعلیٰ تنظیم المدارس (اہل سنت) پاکستان کے اہتمام اور نگرانی میں انجام دیا جا رہا ہے۔ ۱۹۹۶ء تک تخریج اور ترجمہ کے ساتھ نو ضخیم جلدیں چھپ چکی ہیں۔ (دسمبر ۱۹۹۷ء میں بارہ جلدیں چھپ چکی ہیں والحمد للہ تعالیٰ علی ذلک ان شاء اللہ العزیز پچیس تیس جلدوں میں یہ کام مکمل ہو گا)

امام اکبر پینسٹھ سال کی عمر تک اسلام اور مسلمانوں کی خدمت انجام دینے کے بعد ۲۵ صفر ۱۳۴۰ھ، ۲۸ اکتوبر ۱۹۲۱ء کو شہر بریلی میں جسے آج بریلی شریف کہا جاتا ہے اپنے رب کریم کی بارگاہ رحمت و رضوان میں حاضر ہو گئے، ان کا مزار مبارک جمہوریہ ھند کے شہر بریلی میں ہے جہاں روزانہ سینکڑوں زائرین حاضری دیتے ہیں۔

پاک وھند کے اکثر شہروں میں ان کی یاد تازہ کرنے کے لئے ۲۴، ۲۵ صفر کو عظیم اجتماعات منعقد کئے جاتے ہیں، جن میں اہل سنت و جماعت کے علماء، ادیب، خطیب سیاستدان اور ہزاروں عوام الناس حاضر ہوتے ہیں، مجھے ماہ صفر ۱۴۱۶ھ میں عارف باللہ امام علی ہجویری معروف بہ داتا گنج بخش کی جامع مسجد میں امام اکبر مجدد کے عرس میں شامل ہونے کا شرف حاصل ہوا، یہ بہت بڑا اجتماع تھا جس میں لاہور اور بیرون لاہور کے ہزاروں عوام و خواص نے شرکت کی۔

ہمارے استاذ، فضیلۃ الامام شیخ محمد عبدالحکیم شرف قادری نے مجھے جامعہ نظامیہ لاہور میں ڈاک کی ٹکٹ دکھائی جس پر امام اکبر مجدد کے مزار شریف کی تصویر چھپی ہوئی ہے، حکومت ہند نے ان کی یاد تازہ

رکھنے کے لئے یہ ٹکٹ جاری کی ہے، حالانکہ امام اکبر مجدد کی یہ آرزو بلکہ جدوجہد تھی کہ ہندوستان میں دوبارہ اسلام اور مسلمانوں کی حکومت ہو۔

مقالات یوم رضا میں امام اکبر مجدد کے بارے میں حکیم الامت علامہ اقبال کے تاثرات شامل ہوئے ہیں، ان کی اہمیت کے پیش نظر انہیں اس جگہ پیش کرنا مناسب ہے، علامہ کے یہ تاثرات ڈاکٹر عابد احمد علی سابق مہتمم بیت القرآن، پنجاب پبلک لائبریری، لاہور نے بیان کئے ہیں:

ہندوستان کے اس دور متاخرین میں ان جیسا طباع اور ذہین فقیہ بمشکل ملے گا، اس کے ساتھ ہی اقبال مرحوم نے مولانا کی طبیعت کی شدت........ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر یہ الجھن درمیان میں نہ آپڑتی تو ان کا وقت اور علم و فضل ات کے دیگر مسائل کے لئے زیادہ مفید طریقے سے صرف ہوتا اور یقیناً وہ اس دور کے ابوحنیفہ کہلا سکتے تھے۔ (مقالات یوم رضا، حصہ سوم ص ۱۱-۱۰)

امام اکبر مجدد کے مخالفین میں سے عبدالحی بن فخرالدین حسنی لکھنوی (والد ابوالحسن علی ندوی) اپنی کتاب نزہۃ الخواطر و بہجۃ المسامع والنواظر میں لکھتے ہیں:

شیخ احمد رضا خان نے متعدد بار حرمین شریفین کا سفر کیا، بعض فقہی اور اعتقادی مسائل میں علماء حجاز سے مذاکرات کئے، حرمین شریفین میں قیام کے دوران بعض رسائل لکھے، اور علماء حرمین کے سامنے پیش کئے جانے والے بعض مسائل کے جوابات دئے، علماء حرمین ان کے علم کی فراوانی، فقہی متون اور اختلافی مسائل پر ان کے وسیع مطالعہ، ان کی ذکاوت اور تحریر کی سرعت پر حیران رہ گئے، انہوں نے اولیاء اللہ اور اصحاب مزارات سے استمداد اور استعانت کے بارے میں متعدد رسائل لکھے۔

اس کے باوجود وہ (مخلوق کے سامنے) سجدہ تعظیمی کو حرام قرار دیتے تھے، اس سلسلے میں انہوں نے ایک رسالہ "الزبدة الزکیة لتحریم سجود التحیة" لکھا، یہ رسالہ ان کے علم کی وسعت اور استدلال کی قوت پر دلالت کرتا ہے، اسی طرح وہ قبروں پر منعقد کی جانے والی عیدوں کی حمایت کرتے تھے جنہیں اہل ہندوستان "عرس" کہتے ہیں۔ اس کے باوجود وہ مزامیر کے ساتھ گانے کو حرام قرار دیتے تھے، نیز سیدنا حسین علیہ وعلی آبائہ السلام کی طرف منسوب قبروں کے بنانے کو حرام قرار دیتے ہیں۔

وہ متبحر عالم بہت مطالعہ اور وسیع اطلاع والے تھے، ان کا قلم تیز رفتار اور

تصنیف و تالیف میں فکر بلند تھی، فقہ حنفی اور اس کی جزئیات پر آگاہی میں ان کے زمانے میں ان کی نظیر شاید ہی کہیں ملے، اس دعوے پر ان کا مجموعہ فتاوی اور ان کی کتاب کفل الفقیہ الفاہم فی احکام قرطاس الدراہم" شاہد ہے جو انہوں نے مکہ معظمہ میں ۱۳۲۳ھ میں لکھی، وہ راسخ علم رکھتے تھے اور علوم ریاضیہ، ہیئات، نجوم اور توقیت میں کامل مہارت رکھتے تھے، رمل اور جفر سے دلچسپی رکھتے تھے اور اکثر علوم میں دیگر علماء کے شریک تھے۔

مجلہ صوت الشرق (مصر) میں ڈاکٹر محی الدین الوائی ازہری اپنے مقالہ میں لکھتے ہیں:

مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ ہندوستان کے سرخیل مسلمان علماء میں سے شمار کئے جاتے ہیں، انہوں نے ہندوستان کے اطراف میں علم، دین اور لغت عربیہ کی خدمت میں بھرپور حصہ لیا، اور ہندوستان کے اطراف و اکناف میں علوم عربیہ اسلامیہ کی اشاعت میں قابل قدر حصہ لیا۔

آخر میں یہ گزارش ضروری سمجھتا ہوں کہ میں نے جو "بساتین الغفران" کے نام سے عربی دیوان جمع کیا، اسے ترتیب دیا، اس کے ضبط اور تحقیق کی کوشش کی، اس پر تمہیدی مقدمہ لکھا اور اس کے آخر میں ایک ضمیمہ لگایا، اس علمی کام سے میرا مقصد یہ ہے کہ عربی زبان کے محبین، قارئین اور جن حضرات کی مادری زبان عربی ہے انہیں اس جلیل القدر علامہ، عظیم شاعر، امام اکبر مجدد، امام اہلسنت و جماعت، محمد احمد رضا خان سے متعارف کراؤں، وہ امام جو قرآن و حدیث اور ہماری عربی زبان سے محبت رکھتے تھے، انہوں نے عربی میں تصانیف لکھیں اور عربی نظم کا ذخیرہ یادگار چھوڑا، بلکہ ہم دیکھتے ہیں کہ انہوں نے اپنی مادری زبان اردو کی نسبت عربی میں زیادہ کام کیا، اس لئے کہ وہ فطرت کے اعتبار سے عربی تھے، ہم ان کی بارگاہ میں ہدیہ عقیدت و محبت اور احترام و سلام کا نذرانہ پیش کرتے ہیں۔

یہ عربوں کی طرف سے ان کے تعارف کی پہلی علمی کاوش ہے۔

حازم محمد احمد عبدالرحیم المحفوظ
اسسٹنٹ پروفیسر اردو
کلیۃ اللغات و الترجمۃ جامعہ الازہر الشریف
القاہرہ، مصر

بسم الله الرحمن الرحيم

المحقق فى سطور

هو الفاضل البحاثه حازم بن محمد بن أحمد بن عبدالرحيم من عائله المحافيظ الأشراف التى تقيم بمحافظات جنوب مصر والتى يمتد نسبها الشريف إلى سبط رسول الله صلى الله تعالى عنيه وعلى آله وسلم الإمام الحسين بن على رضى الله تعالى عنهما

ولد الشيخ حازم بمدينة بنى مزار التابعة لمحافظة المنيا بجنوب مصر فى ۲۰ من شهر أغسطس عام ۰۰۰ م وبدأ تلقى تعليمه على يد والده الكريم خريج كلية اللغة العربية جامعة الأزهر الشريف والذى يشتغل حاليا منصب نقيب المعلمين بمدينة صدفا التابعة لمحافظة أسيوط

والتحق بالمرحلة الابتدائية و هو فى الخامسة من عمره عام ۰۰۰ م بمدرسة الشعب الابتدائية بمدينة بنى مزار حيث كان والده فى ذلك الوقت مديرا لهذة المدرسة وبعد حصوله على الشهادة الابتدائية التحق بالمرحلة الإعدادية بمدرسة بنى مزار الإعدادية فى عام ۰۰ م وفيها درس

مصادر و مراجع

محمد احمد رضا خان (امام اکبر مجدد)

۱۔ حدائق بخشش، شبیر برادرز، اردو بازار لاہور ج ا، ۱۹۸۸ء

۲۔ مقدمہ قصائد مدائح فضل رسول و حمائد فضل رسول، المجمع الاسلامی مبارک پور، انڈیا ۱۴۰۹ھ / ۱۹۸۹ء

۳۔ الحاکمۃ المکیۃ فی حکم جلود الاضحیۃ، مقالہ ایم۔ اے مخطوط، لائبریری پنجاب یونیورسٹی، لاہور ۱۹۹۴ء تحریر: مسرت رسول

۴۔ ابوالحسن علی ندوی: نزھتہ الخواطر و بھجۃ المسامع والنواظر، ج ۸، ۱۳۹۷ھ / ۱۹۷۶ء

۵۔ بدرالدین احمد قادری رضوی (علامہ) سوانح امام احمد رضا، مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر طبع ۱۴۰۷ھ / ۱۹۸۷ء

۶۔ ریاض مجید (ڈاکٹر) اردو میں نعت گوئی، اقبال اکیڈمی، پاکستان طبع ۱۹۹۰ء

۷۔ شجاعت علی قادری: من ھواحمد رضاالبریلوی الھندی، منظمتہ الاعوۃ الاسلامیہ، لاہور طبع ۱۴۰۶ھ / ۱۹۸۶ء

۸۔ محمد ظفرالدین قادری رضوی: حیات اعلیٰ حضرت ج ا، کراچی، پاکستان، تاریخ طباعت درج نہیں ہے۔

۹۔ محمد ظفرالدین قادری رضوی: المجمل المعدد لتالیفات المجدد، لاہور ۱۳۹۴ھ / ۱۹۷۴ء

۱۰۔ محمد مسعود احمد (ڈاکٹر) الشیخ احمد رضا خان البریلوی و شئی من حیاتہ و افکارہ وخدماتہ، عربی ترجمہ: محمد عارف اللہ مصباحی، موستہ رضا جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور، طبع، اول: ۱۴۱۱ھ / ۱۹۹۱ء

۱۱۔ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ج ۱۰۔ طبع دانشگاہ پنجاب، لاہور، پاکستان۔

لثلاث سنوات ... بعدها الشهادة الإعدادية عام ...م

